سوال

طہارت

جواب

نجس کارپٹ کی صفائی کا طریقہ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ اگر کارپٹ فرش کے ساتھ چپکا ہوا ہو اور وہ نجس ہو جائے تو اس کی صفائی کا کیا طریقہ ہے۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! اس کی صفائی کا صحیح طریقہ یہی ہے کہ اسے فرش سے اکھاڑ کر پانی کے ساتھ اچھی طرح دھویا جائے، اور اس پر ڈالے گئے سارے پانی کو اس سے نکال دیا جائے۔ یہ مٹی کی طرح پانی بہانے سے پاک نہیں ہوگا، بلکہ اس کو اچھی طرح دھونا پڑے گا ورنہ نجاست اس کے اندر رہ جائے گی۔ ھذا ما عندی واللہ أعلم بالصواب محدث فتوی کمیٹی